EFU SAVINGS AND RETIREMENT PLAN

"THE PERFECT PLAN FOR A HAPPIER FUTURE"

EFU Savings and Retirement Plan

EFU Saving and Retirement Plan is a comprehensive savings plan that fulfills your future financial needs. It is a complete plan which provides savings and protection that further strengthens your financial base for a brighter tomorrow. Along with a monetary growth component, it also provides significant life protection. It is a unit-linked whole of life plan which aims and focuses to deliver a substantial growth of your investment, during the policy term with the added benefits of life insurance cover.

Opportunity for Growth:

Every premium paid towards the plan will be invested in one or two of the internal investment funds of EFU Life. It is completely your decision to choose the internal fund based on your investment objectives.

You can select from the following unit funds mentioned below:

- **EFU Managed Growth Fund -** An investment fund with a balanced investment strategy. It aims to achieve reasonable capital growth and steady returns with investment in government securities, carefully selected blue chip equities and other fixed income instruments and cash.
- **EFU Guaranteed Growth Fund -** An investment fund providing steady returns with a guarantee that the bid price of the fund will never fall. It aims to achieve stable growth through investment in short term debt securities.
- **EFU Aggressive Fund -** An investment fund with the aim of investing in equities providing a higher rate of return. It aims to maximise capital growth by using investments with an aggressive market outlook.

Multiple Funds Option: Under this option you have a facility to select a mix of two unit linked funds of the plan. Fund mix can be selected in the multiple of 10%. It means that the funds split can be of 90/10, 80/20, 70/30, 60/40 or 50/50.

Free Look Period:

If you cancel your policy within free look period of 14 days from the date of the documents receipt, you are entitled for a full refund of premium less any expenses incurred by EFU Life in connection with our medical or clinical examinations.

Benefits:

Death Benefit:

The moment you start saving with EFU Savings and Retirement Plan, you will have a guaranteed level of life insurance protection. After the death of the policy holder the beneficiary will be receiving:

• Greater of the Sum Assured of the Main Plan or the Cash Value of the units applicable to the Regular Basic Plan premium.

Plus

• Cash Value of the units applicable to Fund Acceleration Premium (FAP).

Sum Assured:

This is the amount payable on the unfortunate event of death of the policy holder/life assured.

This is equal to the Regular Basic Plan Premium times the protection multiple selected by the policy holder. The Protection Multiple is subject to limits dependent on the age at commencement.

Refer to the table below for further details:

Age	Protection Multiple
18 to 35	5 to 75
36 to 40	5 to 50
41to 49	5 to 30
50 to 60	5 to (70-age)
61to 65	5

Optional Benefits:

• **Accidental Death Benefit*:** In case of accidental death of the life assured, this rider provides an additional lump sum benefit.

• **Accidental Death and Disability Plus Benefit*:** In case of accidental death or disability of the life assured, this rider provides an additional lump sum benefit.

• **Additional Term Assurance:** This rider increases the level of life cover by providing an additional amount in the range of 50% to 200% of the Main Plan Sum Assured, in case of death of the life assured.

• **Waiver of Premium:** Incase the life assured is unable to follow any occupation due to the sickness or accident, the contribution would be paid by EFU Life.

• **Life Care Plus Benefit:** This rider provides a benefit equivalent to the main plan sum assured subject to a maximum of Rs.1.5 million, upon the diagnosis or the occurrence of any predefined covered critical illnesses.

• **Family Income Benefit:** In case of death of the life assured during the term of this rider, a monthly income of 1% of the basic sum assured is payable for the remaining term of the rider.

*Any one accidental rider can be selected.

Unit Allocation:

The proportion of basic plan premium allocated to investment is as follows:

Policy Year	Unit Allocation (%)
1	50%
2	80%
3	90%
4 to 5	100%
6 to 10	103%
11 & onwards	105%

Fund Acceleration Premium (FAP)

If you have surplus cash available at any point of time during the policy tenure or policy term it can be invested in the plan to enhance your cash values. These additional payments in the plan are called Fund Acceleration Premium payments. You can make these payments at any time while the policy is in force. The minimum FAP payment is Rs. 20,000.

100% of FAP payments are allocated to purchase units in the selected fund.

Complete and Partial Surender:

The plan provides complete access to accumulated fund value during the plan term. Total units accumulated can be withdrawn after the second year's regular premium payment. A facility for partial withdrawals is also available subject to Rs.20,000 remaining in the fund. If the customer opts for complete surrender, all units will be encashed and the plan will be terminated.

Inflation Protection:

Under this option, the premium will increase every year by 5% of the previous year's main plan premium with an appropriate increase in applicable benefits, without any medical evidence.

Or

Both the main plan premium and the main plan sum assured will increase by 5% of the previous year's premium with appropriate increase in the additional benefits, without any medical evidence.

Claim:

In case of an unfortunate event, you may file your claim intimation through any NBP Branch walk in, visiting the EFU Head Office or by visiting any of the EFU branches in the country. For a swift speedy process you may also call us at our call center (021- 111-338-111) or simply visit our website, fill in the intimation form and email it to us at cod@efulife.com. Thereafter, you will be contacted for next steps.

FAQs

Who can apply and what are the limits of plan?

All individuals aged between 18 and 65 years next birthday are eligible. Since it is whole of life plan, it has no fixed maturity term.

What is the minimum premium requirements?

Minimum basic plan Premium is Rs. 15,000/- per annum. The mode - wise minimum premium is as follows:

Mode	Minimum Modal Premium
Annual	15,000
Half Yearly	75,00
Quarterly	3,750
Monthly	1,250

What are the charges?

Administration charge: Rs.100 per month

Bid/Offer Spread: 5% of the net regular Premium

Investment management Charge: 0.125% of the fund value per month.

If you have any query regarding your policy, you may contact EFU Life Assurance on (021) 111- EFU-(111 338-111).

Disclaimer:

- This product is underwritten by EFU Life Assurance Ltd. It is not guaranteed or insured by National Bank of Pakistan (NBP) or its affiliates and is not a National Bank of Pakistan (NBP) product.
- National Bank of Pakistan (NBP) is just a promoter/distributor and corporate insurance agent of this product to its valued customers.
- Growth in the value of your premiums depends on the performance of the selected fund in which the premiums are invested.
- All investments made in the selected fund are subject to market risks. The investment risk of the selected fund will be borne by the policy holder.
- The past performance of the fund is not necessarily a guide to future performance. Any forecast made is not necessarily indicative of future or likely performance of the Fund and neither EFU Life Assurance Ltd. nor National Bank of Pakistan (NBP) will incur any liability for the same.
- A personalized illustration of benefits will be provided to you by our sales representative. Please refer to the notes in the illustration for detailed understanding of the various Terms and Conditions.
- Taxes will be applicable as per the taxation laws as stipulated by the relevant authorities.
- A description of how the contract works is given in the policy provisions and conditions. This product brochure only gives a general outline of the product features and benefits.

EFU LIFE ASSURANCE LTD.

EFU Life House, Plot No. 112, 8th East Street, Phase I, DHA, Karachi, Pakistan
Fax: (021) 3453-7519 Email: csd@efulife.com

ای ایف یو سیونگز اینڈ ریٹائرمنٹ پلان

ایک مکمل منصوبہ آپ کے خوشحال مستقبل کے لئے

ای ایف یو سیونگز اینڈ ریٹائرمنٹ پلان

ای ایف یو سیونگز اینڈ ریٹائرمنٹ پلان ایک جامع بچت پلان ہے جو آپ کی مستقبل کی مالی ضروریات کو پورا کرتا ہے۔ یہ ایک مکمل پلان ہے جو بچت کے ساتھ ساتھ تحفظ بھی فراہم کرتا ہے اور ایک روشن ترکل کے لئے آپ کی مالی بنیاد کو مزید مضبوط کرتا ہے۔

مالی نشوونما کے جز کے ساتھ ساتھ، یہ زندگی کا نمایاں تحفظ فراہم کرتا ہے۔ یہ یونٹ سے منسلک تاحیات پلان ہے جس کا مقصد اور مرکز پالیسی کی مدت کے دوران بیمہ حیات کے تحفظ کے اضافی فوائد کے ساتھ، آپ کو سرمائے کی مناسب نشوونما پیش کرنا ہے۔

نشوونما کے لئے مواقع: اس پلان میں ادا کیا جانے والا ہر پریمیئم ای ایف یو لائف کے منتخب کردہ کسی ایک یا دو سرمایہ کاری فنڈز میں لگایا جائے گا۔ یہ مکمل طور پر آپ کا فیصلہ ہوگا کہ اپنے سرمایہ کاری کے مقاصد کی بنیاد پر فنڈ کا انتخاب کریں۔

آپ درج ذیل یونٹ سے منسلک فنڈز میں سے انتخاب کر سکتے ہیں:

ای ایف یو مینجڈ گروتھ فنڈ: ایک متوازن سرمایہ کاری کی حکمت عملی پر مشتمل سرمایہ کاری فنڈ۔ اسکا مقصد، سرمایہ کاری سیکیورٹیز، محتاط طور پر منتخب کی گئی بلو چپ ایکویٹیز اور دیگر مقررہ آمدنی کے ذرائع اور نقد سرمایہ کاری کے ذریعے، سرمائے کی مناسب نشوونما اور مستحکم منافع جات حاصل کرنا ہے۔

ای ایف یو گارنٹیڈ گروتھ فنڈ: مستحکم منافع جات فراہم کرنے والا سرمایہ کاری فنڈ اس ضمانت کے ساتھ کہ فنڈ کی بولی قیمت (بِڈ پرائس) کبھی نیچے نہیں آئے گی۔ اسکا مقصد قلیل المدت ڈیبٹ سیکیورٹیز میں سرمایہ کاری کے ذریعے مستحکم نشوونما حاصل کرنا ہے۔

ای ایف یو ایگریسو فنڈ: ایک سرمایہ کاری فنڈ جس کا مقصد ایکوٹیز میں سرمایہ کاری کر کے تیزی سے آمدنی حاصل کرنا ہے۔ اس کا مقصد سرمایہ کاری کے ساتھ مارکیٹ کو مدنظر رکھتے ہوئے سرمائے کی نشوونما کو بڑھانا ہے۔

متعدّد فنڈز کی سہولت (ملٹیپل فنڈز آپشن): اس اختیار کے تحت، آپ پلان کے یونٹ سے منسلک دو فنڈز کے مرکب کا انتخاب کر سکتے ہیں۔ فنڈز کو 10 فیصد کے ملٹیپل کے تحت منتخب کیا جاسکتا ہے۔ اسکا مطلب ہے کہ فنڈز کو 10/90، 20/80، 30/70، 40/60 یا 50/50 میں تقسیم کیا جاسکتا ہے۔

غوروفکر کا دورانیہ (فری لک پریڈ): اگر آپ دستاویزات کی وصولی کے 14 دن کے غوروفکر دورانیئے کے اندر اپنی رکنیت منسوخ کرنے کا فیصلہ کرتے ہیں تو آپ ای ایف یو لائف کے طبی/کلینیکل معائنہ جات کے سلسلے میں اٹھنے والے اخراجات منہاء کر کے، پریمیم کی مکمل ادائیگی کی واپسی کا اہل ہونگے۔

فوائد

فوائد بصورت فوتگی: جیسے ہی آپ ای ایف یو سیونگز اینڈ ریٹائرمنٹ پلان میں بچت کا آغاز کرتے ہیں آپ کو زندگی بیمہ کے تحفظ کا ایک ضمانت شدہ درجہ حاصل ہوگا۔ بیمہ دار (پالیسی ہولڈر) کی وفات کے بعد اس کے مستفیدان (نامزد بینیفیشری) کو ادا کیا جائے گا:

- پلان کا زر، بیمہ یا بنیادی پلان کے پریمیئم پر اطلاق شدہ یونٹس کی نقد مالیت (کیش ویلیو)، (دونوں میں سے جو زیادہ ہو) پلس
- اضافی اختیاری پریمیئم (فنڈ ایکسلریشن پریمیئم) پر اطلاق شدہ یونٹس کی نقد مالیت (کیش ویلیو)، (اگر کوئی ہو)

زرِ بیمہ (سم اشورڈ):

یہ گارنٹیڈ رقم وفات کے وقت ادا کی جاتی ہے۔ زرِ بیمہ پلان خریدتے وقت صارف اس کو عمر کے مطابق دیے گئے اختیارات کی رینج میں سے منتخب کر سکتا ہے۔ اس کا تعین بنیادی پلان کے پریمیئم کو درج ذیل ٹیبل میں دیے گئے " پروٹیکشن ملٹپل ' ' سے ضرب دے کر کیا جاتا ہے:

عمر (سال)	پروٹکشن ملٹپل
18 سے 35 سال	5 سے 75
36 سے 40 سال	5 سے 50
41 سے 49 سال	5 سے 35
50 سے 60 سال	5 سے (70–عمر)
61 سے 65 سال	5

ضمنی فوائد:

ایکسیڈنٹل ڈیتھ بینیفٹ : بیمہ دار (پالیسی ہولڈر) کی حادثاتی وفات کی صورت میں، یہ ضمنی فائدہ (رائڈر) ایک اضافی یکمشت فائدہ فراہم کرتا ہے۔

ایکسیڈنٹل ڈیتھ اینڈ ڈس ایبیلٹی پلس بینیفٹ*: بیمہ دار (پالیسی ہولڈر) کی حادثاتی وفات یا معذوری کی صورت میں، یہ ضمنی فائدہ (رائڈر) ایک اضافی یکمشت فائدہ فراہم کرتا ہے۔

ایڈیشنل ٹرم اشورنس: بیمہ دار (پالیسی ہولڈر) کی وفات کی صورت میں یہ ضمنی فائدہ (رائڈر) بنیادی پلان کے زرِ بیمہ کی 50 فیصد سے 200 فیصد تک ایک اضافی رقم مہیا کر کے زندگی کے تحفظ کا درجہ کو بڑھاتا ہے۔

ویورآف پریمیئم: اگر بیمہ دار(پالیسی ہولڈر) کسی بیماری یا حادثے کے باعث کوئی پیشہ اختیار کرنے سے قاصر ہوتو پریمیئم کی رقم ای ایف یو لائف ادا کرے گی۔

لائف کیئر پلس بینیفٹ: یہ ضمنی فائدہ (رائڈر)،20 تحفظ شدہ سنگین بیماریوں میں سے کسی کے بھی ہوجانے پر یا تشخیص پر، 50,000روپے کی حد سے شروع ہوکر زیادہ سے زیادہ 1.5 ملین روپے سے مشروط اصل پلان کے زرِبیمہ کے مساوی ایک لمحکدار فائدہ فراہم کرتا ہے۔

فیملی انکم بینیفٹ: اس ضمنی فائدے (رائڈر) کی مدّت کے دوران بیمہ دار(پالیسی ہولڈر) کی وفات کی صورت میں ضمنی فائدے (رائڈر) کی بقایامدت کے لئے بنیادی زرِ بیمہ کا 1 فیصد ماہانہ قابل ادائیگی ہوگا۔

*** کسی ایک ایکسیڈنٹل ڈیتھ بینیفٹ کا انتخاب کیا جاسکتا ہے**

یونٹ کی ایلوکیشن:

سرمایہ کاری کیلئے یونٹس میں پریمیئم کا تناسب پالیسی سال کے اعتبار سے مختلف ہوتا ہے اور ذیل میں درج ہے:

پالیسی سال	یونٹ ایلوکیشن
1	50فیصد
2	80فیصد
3	90فیصد
4سے5سال	100فیصد
6سے10سال	103فیصد
11اوراس سے زائد	105فیصد

اضافی اختیار پریمیئم (فنڈ ایکسلریشن پریمیئم):

اگر آپ کے پاس پلان کی مدت کے دوران کسی بھی وقت اضافی نقد رقم موجود ہوتو اپنی نقد اقدار (کیش ویلیو) کو بڑھانے کے لئے آپ اس کو پلان میں سرمایہ کاری کے لئے استعمال کرسکتے ہیں۔ ان اضافی ادائیگیوں کو فنڈ ایکسلریشن پریمیئم کہتے ہیں۔آپ یہ ادائیگیاں پالیسی کے نافذ العمل ہوتے ہوئے کسی بھی وقت ادا کرسکتے ہیں۔کم از کم فنڈ ایکسلریشن پریمیئم 20,000 روپے فی ادائیگی ہے۔

فنڈ ایکسلریشن پریمیئم ادائیگیوں کا 100 فیصد منتخب شدہ فنڈ میں یونٹس کی خریداری کے لئے مختص کیا جاتا ہے

مکمل اور جزوی دستبرداری:

یہ پلان کسی بھی وقت،اس کی مدت کے دوران مجموعی نقد اقدار تک مکمل رسائی فراہم کرتا ہے۔ پلان میں جمع شدہ تمام یونٹس

دوسرے سال کے باقاعدہ پریمیئم کی ادائیگی کے بعد نکلوائے جاسکتے ہیں۔ جزوی دستبرداری کی سہولت بھی موجود ہے بشرطیکہ فنڈ 20,000 روپے کی رقم بھی موجود ہو۔ اگر صارف پلان سے مکمل دستبرداری حاصل کرتا ہے تو تمام یونٹس کو مساوی نقد ادائیگی کر کے پلان کو منسوخ کر دیا جائے گا۔

افراطِ زر (انڈیکسیشن):

اس سہولت کے تحت، بغیر کسی طبی ثبوت کے، ہر سال پریمیئم پچھلے سال کے اصل بنیادی پلان پریمیئم کے 5 فیصد کا اطلاق کردہ فوائد میں مناسب اضافے کے ساتھ، بڑھ جائے گا؛ یا کسی طبی ثبوت کے بغیر، بنیادی پلان کا پریمیئم اور زرِ بیمہ ہر سال 5 فیصد سے بڑھا دیا جائے گا ہر اور اطلاق کردہ فوائد بھی مناسب اضافے کے ساتھ بڑھ جائیں گے۔

دعوٰی (کلیم):

کسی بھی ناگہانی کی صورت میں، آپ اپنے دعوے (کلیم) کی اطلاع نیشنل بینک آف پاکستان کی کسی بھی شاخ میں جا کر، ای ایف یو ہیڈ آفس آ کر یا ملک میں ای ایف یو کی کسی بھی شاخ میں جا کر دے سکتے ہیں۔ فوری عمل درآمد کے لئے آپ ہمارے کال سینٹر 111-338-111-021 پر رابطہ کر سکتے ہیں یا ہماری ویب سائٹ پر موجود اطلاع فارم بھریئے اور ہمیں cod@efulife.com پر ای میل کر دیجئے۔ بعد ازاں، اگلے مراحل سے آگاہ کرنے کیلئے آپ سے رابطہ کیا جائے گا۔

عمومی طور پر پوچھے جانے والے سوالات:

قابلِ اطلاق عمر اور مدت کیا ہے؟

یہ پلان تمام افراد کے لئے دستیاب ہے جن کی عمر اگلی سالگرہ پر 18 سے 65 کے درمیان ہو۔ چونکہ یہ ایک تاحیات پلان ہے اسلئے اس میں کوئی مقررہ میچورٹی کی مدت نہیں ہے۔

کم از کم پریمیئم کی ضروریات کیا ہیں؟

کم از کم سالانہ بنیادی پلان کا پریمیئم 15,000 روپے۔ ادائیگی کے طریقہ کار کے اعتبار سے کم از کم پریمیئم درج ذیل ہے:

طریقہ کار	کم از کم ظاہری پریمیئم
سالانہ	15,000 روپے
ششماہی	7,500 روپے
سہ ماہی	3,750 روپے
ماہانہ	1,250 روپے

اخراجات (چارجز) کیا ہیں؟

- انتظامی اخراجات (ایڈمنسٹریشن چارجز): 100 روپے ماہانہ؛
- بِڈ آفر (بولی پیشکش) اسپریڈ: باقاعدہ پریمیئم کا 5 فیصد؛
- سرمایہ داری اخراجات (انوسٹمنٹ مینجمنٹ چارجز): فنڈ مالیت کا 0.125 فیصد ماہانہ؛

اپنی پالیسی سے متعلق کسی بھی معلومات کے لئے آپ ای ایف یو لائف انشورنس (021) 111- EFU-(111 338-111) سے رابطہ کر سکتے ہیں۔

انتباہ

- یہ پروڈکٹ ای ایف یو لائف کی پیش کردہ ہے۔ یہ نیشنل بینک آف پاکستان یا اس سے ملحقہ کسی ادارے سے ضمانت کردہ یا بیمہ شدہ نہیں ہے اور نہ ہی یہ نیشنل بینک آف پاکستان کی پروڈکٹ ہے۔
- نیشنل بینک آف پاکستان اپنے قابل قدر صارفین کے لئے اس پروڈکٹ کا صرف تقسیم کار/تشہیر کار اور کارپوریٹ انشورنس ایجنٹ ہے
- آپ کے پریمیئمز کی قدر میں نشوونما کا انحصار منتخب شدہ فنڈز کی جس میں پریمیئمز کی سرمایہ کاری کی گئی ہو کارکردگی پر ہوگا
- منتخب شدہ فنڈز میں کی گئی تمام سرمایہ کاریاں مارکیٹ میں رسک کی صورت حال پر منحصر کرتی ہیں۔ منتخب شدہ فنڈ میں سرمایہ کاری کی کارکردگی میں خطرہ بیمہ دار کی ذمہ داری ہوگا
- فنڈ کی سابقہ کارکردگی ضروری نہیں کہ مستقبل کے خطرے کی نشاندہی کرے۔ اسی طور پر کوئی بھی پیشین گوئی فنڈ کی ممکنہ یا مستقبل کی کارکردگی کے طور پر لینا ضروری نہیں اور نہ ہی ای ایف یو لائف اور نہ ہی نیشنل بینک آف پاکستان اس کے لئے کوئی ذمہ داری قبول کرے گا
- فوائد کی ایک انفرادی وضاحت آپ کو ہمارے سیلز کے نمائندے کی طرف سے فراہم کی جائے گی۔ براہ مہربانی مختلف شرائط وضوابط کو تفصیلی طور پر سمجھنے کیلئے شذرات ملاحظہ کیجئے
- متعلقہ اداروں کے مقرر کردہ ٹیکس کے قوانین کے تحت ٹیکسوں کا اطلاق ہوگا
- معاہدہ کن خطوط پر کام کرتا ہے اس کی وضاحت پالیسی کے شرائط وضوابط میں کی گئی ہے۔ یہ کتابچہ منصوبے کے خدوخال اور فوائد کا ایک عمومی جائزہ پیش کرتا ہے

ای ایف یو لائف ایشورنس لمیٹڈ

ای ایف یو ہاؤس، پلاٹ نمبر 112، 8th اسٹریٹ، فیز ون، ڈی ایچ اے، کراچی، پاکستان۔

فیکس: 3453-7519 (021) ای میل: csd@efulife.com